Directorate Of Education GNCT Of Delhi

(Practice Question Paper 2023-24)

Subject : Urdu A

Class : IX

Code : 003

Time : 3 Hrs. | Max Marks : 80

عام ہدایات:

(1) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(2) ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(3) جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوش خط کا خاص خیال رکھیں۔

## Section A (حصّہ الف)

سوال نمبر 1۔ مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیئے۔ (5X1=5)

"ایسٹ انڈیا کمپنی ہندوستان میں تجارت کے لیے آئی اور رفتہ رفتہ اس نے یہاں ایک فوجی طاقت کی حیثیت حاصل کر لی۔ تجارت کے بجائے اس نے حکمرانی کے خواب دیکھنے شروع کر دیئے۔ اس زمانے میں ہندوستان کے مقامی راجا، مہاراجا، نوابین اور بادشاہ آپسی جنگوں میں مصروف تھے۔ اس لیے وہ لوگ انگریزوں کے خلاف متحد نہ ہو سکے۔ اس صورتِ حال کا انگریزوں نے پورا فائدہ اٹھایا۔ نوبت یہاں تک پہنچی کہ پورے ملک پر ان کا قبضہ ہو گیا اور مقامی حکمراں ان کے وظیفہ خوار بن کر رہ گئے اور پھر فوجی غلبہ اور اقتدار کے ساتھ ساتھ ہندوستانیوں پر انگریزوں کے ظلم وستم کا سلسلہ روز بروز بڑھتا ہی چلا گیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مقامی باشندوں کے دلوں میں انگریزوں کے خلاف نفرت پیدا ہو گئی۔ اور مئی 1857 کو نفرت کا وہ لاوا اچانک پھٹ پڑا اور انگریزوں کے خلاف بغاوت کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ اس کی ابتدا میرٹھ سے ہوئی اور جلد ہی دہلی اس کا مرکز بن گیا۔"

(i) ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے قیام کا کیا مقصد تھا؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(ii) اس زمانے میں ہندوستان کی کیا حالت تھی؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iii) انگریزوں نے کس طرح اس موقع کا فائدہ اٹھایا؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(iv) انگریزوں کے مظالم کا نتیجہ کیا ہوا؟

(a)۔ ہندوستانی انگریزوں سے نفرت کرنے لگے    (b)۔ ہندوستانی انگریزوں سے مل گئے

(c)۔ اوپر کے دونوں غلط ہیں    (d)۔ ہندوستانیوں نے انگریزوں سے دوستی کر لی

(v) انگریزوں کے خلاف بغاوت کہاں سے شروع ہوئی؟

(a)۔ جھانسی    (b)۔ لکھنو    (c)۔ حیدرآباد    (d)۔ میرٹھ

سوال نمبر 2۔ مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیئے۔ (5X1=5)

وطن گلشن ہے، رنگین پھول ہو تم
سفینہ ہے وطن، مستول ہو تم
بہت پیارے ہو تم مقبول ہو تم
تمھیں سے رونق قوم و وطن ہے

وطن والوں کو اپنا بھائی جانو
محبّت میں تعصّب کی نہ مانو
رہو مل جل کے جھگڑے کی نہ ٹھانو
چمن پھولوں کے جمگھٹ تک چمن ہے

(i) شاعر نے نونہالو کسے کہا ہے؟
(ii) شاعر کے خیال میں کسے اپنا بھائی سمجھنا چاہیے؟
(iii) لفظ محبّت کا متضاد کیا ہے؟
(iv) لفظ گلشن کا کیا معنی ہے؟

(a)۔ بازار (b)۔ باغ (c)۔ کھیت (d)۔ گھر

(v) اس نظم کے ذریعے شاعر نے طلبا کو کیا نصیحت کی ہے؟

(a)۔ آپسی اتّحاد کی (b)۔ آپسی نفاق کی (c)۔ لڑائی کی (d)۔ خود غرضی کی

سوال نمبر۔3 مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ (5X1=5)

گاؤں کے جفا کش رہنے والے، صبح کے تارے ہنوز جھلملانے بھی نہیں پاتے کہ وہ اپنی رات کی راحت سے اکتا چکے ہوتے ہیں۔ ایسے وقت میں نسیم کے خوش گوار اور نازک جھونکے آتے ہیں اور بڑے ادب کے ساتھ انہیں جگانے لگتے ہیں ۔اس وقت ان کے ناز اور بادِ سحر کے نیاز دیکھنے کے قابل ہوتے ہیں۔ صبح کی ہوا نہایت شگفتگی کے ساتھ جگاتی ہے اور وہ نہیں جاگتے۔ صرف کروٹیں بدل بدل کر رہ جاتے ہیں۔ بادِ سحر یوں ہی اصرار کرتی ہوتی ہے کہ صبح کے نقیب مرغانِ سحر اٹھتے ہیں اور انھیں اٹھاتے ہیں۔ غریب محنت پسند لوگ تازہ دم اٹھ بیٹھتے ہیں۔ وقت کی کیفیتوں کو نہایت غور سے بڑے لطف کے ساتھ دیکھتے ہیں۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟
(ii) اس سبق کے مصنف کا نام کیا ہے؟
(iii) کہاں کے لوگ صبح کے تارے جھلملانے سے پہلے اٹھ جاتے ہیں؟
(iv) نسیم کے کیا معنی ہیں؟

(a) شام کی ہوا (b) دوپہر کی ہوا (c) صبح کی ہوا (D) رات کی ہوا

(v) ادب کا متضاد کیا ہے؟

(a) بے ادب (b) باادب (c) بدادب (d) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر4۔ درج ذیل درسی شعری حصّے کو پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب دیجیے۔ (5X1=5)

اب سکھ کی تان سنائی دی — اک دنیا نئی دکھائی دی
اب سکھ نے بدلا بھیس نیا — اب دیکھیں گے ہم دیس اپنا
جب دل نے رام دہائی دی — اک دنیا نئی دکھائی دی

(i) درج بالا شعری اقتباس شاعری کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟

(ii) اس شعری اقتباس کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

(iii) یہ شعری اقتباس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے لیا گیا ہے۔

(iv) نیا بھیس کس نے بدلا ہے؟

(a)۔سکھ نے (b)۔دکھ نے (c)۔رام نے (d)۔کسی نے نہیں

(v) رام دہائی کس نے دی؟

(a) سیتا نے (b)۔دماغ نے (c)۔دل نے (d)۔لبوں نے

## Section B (حصّہ ب)

سوال نمبر5۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 300-250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ (1X10=10)

(i) بڑھتی ہوئی آبادی کے مسائل اور ان کا حل

(ii) آلودگی :ایک سنگین مسئلہ

(iii) کمپیوٹر کے فوائد

سوال نمبر6۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام کھیل کا سامان منگوانے کے لیے درخواست لکھیے۔ (1X4=4)

یا

اپنے دوست کو خط لکھ کر پاس ہونے کی مبارکباد دیجیے۔

سوال نمبر7۔ سرسیّد احمد خاں کی سوانح حیات اور ادبی خدمات تحریر کیجیے۔ (1X4=4)

یا

سبق ''حج اکبر'' کا خلاصہ لکھیے۔

سوال نمبر8۔ میر تقی میر کے حالات زندگی اور ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔ (1X4=4)

یا

''رامائن کا ایک سین'' کا مرکزی خیال لکھیے

سوال نمبر9۔ غزل پر مختصر نوٹ لکھیے۔ (3x1=3)

یا

خواجہ میر درد کی شاعری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

## Section C (حصّہ ج)

سوال نمبر10۔ (i) ضمیر کی تعریف مع مثال بیان کیجیے۔ (1X2=2)

(ii) اسم کی تعریف مع مثال لکھیے۔ (1X2=2)

(iii) سر سیّد احمد خاں کے نام میں "سر" کیا ہے؟ (1)

(a) خطاب (b)۔لقب (c)۔کنیت (d)۔تخلص

سوال نمبر11۔ (i) تشبیہ کی تعریف مع مثال لکھیے۔ (1X2=2)

(ii) کیا وہ نمرود کی خدائی تھی؟

بندگی میں میرا بھلا نہ ہوا۔

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟ (1)

(iii) کنایہ کی تعریف مع مثال لکھیے۔ (1X2=2)

سوال نمبر12۔ (i) درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ (4X1=4)

خوشی سے پھولا نہ سمانا۔ آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا۔ دل پاش پاش ہونا۔ ہوا سے باتیں کرنا

(ii) سر کے بال سفید کرنا، کے معنی لکھیے۔ (1)

(iii) پشیماں ہونا ' کا مطلب بتائیے۔ (1)

سوال نمبر13۔ تلمیح کی تعریف مع مثال کے لکھیے۔ (2)

سوال نمبر14 (i) درد منّت کش دوا نہ ہوا

میں نہ اچھا ہوا، برا نہ ہوا

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟ (1)

(a)۔استعارہ (b)۔تلمیح (c)۔تضاد (d)۔کنایہ

(ii) بات کرنے والا اپنے لیے جو ضمیر استعمال کرتا ہے اسے ---------------- کہتے ہیں۔ (1)

## Section D (حصّہ د)

سوال نمبر15۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ (2x2=4)

(i) بوڑھے کو جو خوب صورت دلہن نظر آئی اس سے مصنّف کی کیا مراد ہے؟

(ii) " دیہات کی زندگی" کس کا مضمون ہے؟

(iii) میر صاحب نے اپنا سفر کیوں ملتوی کر دیا؟

سوال نمبر16۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ (2x2=4)

(i) شرافت اور عزّت کا معیار کیا ہے؟

(ii) " راہ وفا کی منزل اوّل ہوئی تمام" یہ کہہ کر شاعر نے کس طرف اشارہ کیا ہے؟

(iii) " سکھ کی تان" گیت میں لڑکی کس نئی دنیا کے خواب دیکھ رہی ہے؟

سوال نمبر 17۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ (2x2=4)

(i) شاعر نے زندگی کو طوفان کیوں کہا ہے؟

(ii) شاعر کو کس راز کے کھل جانے کا خوف ہے؟

(iii) "توقع تو ہے خیر جو ہو، سو ہو" نظم کے پہلے بند کے مصرعے میں شاعر کیا بات کہنا چاہتا ہے؟

سوال نمبر 18۔ درج ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔ (1x3=3)

(i) افسانہ (ii) نظم

☆☆☆